سوال

(73) حضرت یوسف کی شادی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام کیا ہے؟ کیا انہوں نے عزیز مصر کی اس بیوی سے شادی کرلی تھی جس کا واقعہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیان فرمایا ہے؟ بعض علماء حطبہ نکاح کے وقت جو یہ دعا پڑھتے ہیں کیا یہ صحیح ہے کہ «اللهم الف بينهما كما الف بين يوسف وزليخا اے اللہ! ان دونوں میں اس طرح الفت و محبت پیدا فرمادے 'جس طرح تو نے حضرت یوسف علیہ السلام ااور زلیخا میں محبت پید فرمادی تھی؟''

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتب قصص و تفاسیر میں کتب بنی اسرائیل کے حوالہ سے مذکور ہے کہ عزیز کی بیوی کا نام زلیخا تھا بعض نے کچھ اور نام بھی ذکر کیے ہیں۔ نیز اانہوں نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ جیل سے باہر آنے کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام نے اس عورت سے شادی کرلی تھی کیونکہ عزیز مصر فوت ہوگیا تھا یا اس نے اسے طلاق دی تھی لیکن یہ سب کچھ اسرائیلی روایات سے ماخوذ ہے۔ جہاں تک مذکورہ دعا کا تعلق ہے تو مجھے اس کے ماثور ہونے کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے ممکن ہے بعض مفسرین سے منقول اقوال ہی کی وجہ سے اس دعا کو ایجاد کرلیا گیا ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص74

محدث فتویٰ